وترپڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟

مجیب: مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-2890

تاریخ اجراء: 13 محرم الحرام 1446ھ / 20 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

وتر پڑھنے کا طریقہ بیان کیجئے گا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

وتر تین رکعت ہے، جس میں قعدہ اولی واجب ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی دو رکعت معمول کے مطابق (سورہ فاتحہ، سورت اور رکوع و سجود کے ساتھ) ادا کریں اور دوسری رکعت کے قعدے میں تشہد پڑھ کر سلام پھیرے بغیر فوراً تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہو جائیں، سورہ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر تکبیر کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر دوبارہ ہاتھ باندھ لیں، جیسے تکبیر تحریمہ میں کرتے ہیں اور اس کے بعد دعائے قنوت پڑھیں کہ دعائے قنوت کا پڑھنا واجب ہے، پھر رکوع و سجود اور قعدہ و تشہد کے ساتھ نماز مکمل کر لیں۔

نیز بہتر یہ ہے کہ وتر کی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى یا اِنَّا اَنْزَلْنَا، دوسری رکعت میں قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ، اور تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ اور کبھی کبھی اور سورتیں بھی پڑھ لے۔

چنانچہ صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: ”نماز وتر تین رکعت ہے اور اس میں قعدۂ اُولیٰ واجب ہے اور قعدۂ اُولیٰ میں صرف التحیات پڑھ کر کھڑا ہو جائے، نہ درود پڑھے نہ سلام پھیرے جیسے مغرب میں کرتے ہیں اُسی طرح کرے۔ (بہار شریعت، ج 1، حصہ 4، ص 654، مکتبۃ المدینہ)

بہار شریعت ہی میں ہے ”وتر کی تینوں رکعتوں میں مطلقاً قراءت فرض ہے اور ہر ایک میں بعد فاتحہ سورت ملانا واجب اور بہتر یہ ہے کہ پہلی میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى یا اِنَّا اَنْزَلْنَا دوسری میں قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ تیسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے۔ اور کبھی کبھی اور سورتیں بھی پڑھ لے، تیسری رکعت میں قراءت سے فارغ ہو کر رکوع سے پہلے کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہے جیسے تکبیر تحریمہ میں کرتے ہیں پھر ہاتھ باندھ لے اور دعائے قنوت پڑھے، دعائے

قنوت کا پڑھنا واجب ہے اور اس میں کسی خاص دعا کا پڑھنا ضروری نہیں، بہتر وہ دعائیں ہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہیں اور ان کے علاوہ کوئی اور دعا پڑھے جب بھی حرج نہیں۔(بہار شریعت، ج1، حصہ4، ص654، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net